31-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

MAN KI BATH

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ من کی بات پروگرام کے ذریعہ پیش کئے گئے موضوعات کئی لوگوں کو تحریک دے رہے ہیں جس پر انہیں خوشی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں شرکت کے دوران مدھیہ پردیش کے شہر شادول کے نوجوان فٹبال کھلاڑیوں کا ذکر کیا تھا۔ اس کہانی کو سن کر ایک جرمن فٹبال کوچ نے آگے آکر ان کھلاڑیوں کو بہتر تربیت دینے کی پیشکش کی جس پر انہیں بے حد مسرت ہوئی۔

Byte : Modi

وزیراعظم نے کہا کہ انجینئر ملک کے خوابوں کو عملی شکل دینے والے کرمیوگی ہیں۔ مختلف شعبوں کے انجینئر اور ٹیکنیکل ماہرین اپنی سوچ کو عملی جامہ پہنا کر ملک کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ مشہور انجینئر موکش گنڈم ویشویشوریا کی جینتی (15 ستمبر) کے موقع پر انہوں نے من کی بات کے ذریعہ انجینئروں کو مبارکباد پیش کی۔

Byte : Modi

وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستانی ثقافتی روایات کو دنیا بھر میں غیر معمولی مقبولیت حاصل ہو رہی ہے۔ انہوں نے اٹلی، کینیڈا اور روس میں رامائن سے متعلق مجسموں اور تصویری نمائشوں کا ذکر کرتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا۔

Byte : Modi

وزیراعظم مودی نے کہا کہ آزاد بھارت کو نئے بھارت کے طور پر یکجا کرنے اور قومی سالمیت کو برقرار رکھنے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے آپریشن پولو کے ذریعہ حیدرآباد ریاست کو ہندوستان میں ضم کرنے کی جرات مندانہ کارروائی کی جس سے عوام کو نظام اور رضا کاروں کے مظالم سے نجات ملی۔ اسی پس منظر میں 17 ستمبر کو حیدرآباد مکتی دن منایا جائے گا۔

Byte : Modi

وزیراعظم نے کہا کہ دیسی مصنوعات کا استعمال اپنے آپ کو عزت دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ دیسی مصنوعات کے استعمال کو خودداری کی علامت سمجھیں اور آنے والے تہواروں پر مقامی اشیاء کو ہی ترجیح دیں۔

Byte : Modi

وزیراعظم نے کہا کہ ایک بھارت، شریشٹ بھارت کا نعرہ ملک کی ترقی کے لئے محرک ہے۔ یہ تصور کھیلوں کے میدان میں بھی لاگو ہوتا ہے کیونکہ کھیل قومی اتحاد اور خیرسگالی کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے جموں و کشمیر میں جاری رائل پریمیئر لیگ کرکٹ ٹورنامنٹ اور سری نگر دل جھیل میں منعقدہ پہلے کھیلو انڈیا واٹر اسپورٹس فیسٹیول کا ذکر کیا۔

Byte : Modi

aadi vaani app

مرکزی وزارت قبائلی امور نے آدی وانی کے نام سے ایک موبائل ایپ تیار کرنے کا اعلان کیا ہے جو مصنوعی ذہانت کی مدد سے قبائلی زبانوں کا ترجمہ کرے گا۔ یہ ایپ قبائلی زبانوں کو ہندی اور انگریزی میں اور ہندی و انگریزی کو قبائلی زبانوں میں ترجمہ کرنے میں مدد دے گا۔ اس منصوبے کو IIT دہلی، BITS پلانی، IIIT حیدرآباد اور IIIT نوی رائے پور نے تیار کیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ یہ ایپ سرکاری اسکیموں اور صحت عامہ سے متعلق آگاہی کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

Sridhar Babu

سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں بلدیات اور میونسپل کارپوریشنوں میں کئی مسائل موجود ہیں لیکن حکومت غفلت برت رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ترقی کے لیے فنڈز فراہم نہیں کر رہی جس سے عوام کو بنیادی سہولتوں کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ وزیر امور مقننہ اسری دھر بابو نے ان الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ فنڈز کی کوئی کمی نہیں ہے اور مختلف اسکیموں کے تحت شہری ترقی کے لیے رقم فراہم کی جا رہی ہے۔

Revanth Reddy

ریاستی اسمبلی نے آج متفقہ طور پر دو بل منظور کیے جن کے تحت بلدیات و پنچایتوں میں پسماندہ طبقات کے لیے 42 فیصد ریز رویشن فراہم کیا جائے گا۔ یہ بل تلنگانہ بلدیاتی قانون 2019 میں ترمیم اور تلنگانہ پنچایت راج قانون میں ترمیم سے متعلق ہیں۔ تمام جماعتوں بشمول کانگریس، بی آر ایس، بی جے پی، ایم آئی ایم اور سی پی آئی نے اس کی حمایت کی۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ستمبر کے اواخر تک پنچایت انتخابات منعقد کرنے ہائی کورٹ کے احکام پر عمل آوری کرتے ہوئے حکومت بی سی طبقات کے لیے 42 فیصد ریز رویشن فراہم کرنے کے اپنے عہد کی پابند ہے۔

Sound Byte.

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ پسماندہ طبقات کیلئے تحفظات پر عمل آوری کیلئے ضروری ہے کہ اس سے متعلق قوانین سائنٹفک انداز میں تیار کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کیلئے دستوری ترمیمی بل ضروری ہے۔ بی جے پی کے رکن پائل شنکر نے کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ بی سی سب پلان اور تقررات میں پسماندہ طبقات کو ان کا جائزہ حصہ فراہم کرے۔ ایم آئی ایم کے رکن جعفر حسین معراج نے کہا کہ ان کی پارٹی ان بلوں کی مکمل تائید کرتی ہے۔ سی پی آئی نے بھی بلوں کی تائید کا اعلان کیا۔ جس کے بعد بلوں کو اتفاقِ رائے سے منظور کر لیا گیا۔

Dharmendra Pradhan

وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا کہ ترقی کی بنیاد دیہات ہیں اور اسکول اس کی اصل کڑی ہیں۔ انہوں نے قار آباد ضلع کے تانڈور منڈل کے جنگورتی میں ایکلو یا فاونڈیشن کے زیر اہتمام سند پپنی گروکل کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ملک میں کسی بھی تبدیلی کی شروعات دیہی علاقوں سے ہونی چاہیئے۔ اس میں اسکولوں کا اہم رول ہوتا ہے۔ دھرمیندر پردھان نے کہا کہ اسکولوں میں طلباء کی جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے یوگا لازمی ہونا چاہیے۔

Sound Byte.

Chikitha Taniparthi

تلنگانہ کی کھلاڑی تانی پرتی چکیتا نے کینیڈا میں منعقدہ ورلڈ یوتھ آرچری چمپئن شپ میں انڈر 21 خواتین کے زمرے میں گولڈ میڈل حاصل کرنے پر مسرت کا اظہار کیا۔ ان کا تعلق پدا پلی ضلع کے سلطان پور گاؤں سے ہے۔ انہوں نے فائنل میں جنوبی کوریا کی بیرِن پارک کو شکست دی۔ چکیتا نے کہا کہ اگر حکومت مالی امداد فراہم کرے تو وہ ملک کے لیے مزید کامیابیاں حاصل کرسکتی ہیں۔

MP Merit awards

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ آنے والے 10 سال میں تلنگانہ کو 1 ٹریلین ڈالر کی معیشت اور 2047 تک 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کیرالا میں منعقدہ ایم پی میرٹ ایوارڈ تقریب میں شرکت کی اور کہا کہ کیرالا کے تعلیمی پروگرام پورے ملک کے لیے مثالی ہیں۔ یہ ایوارڈس ہونہار طلبہ کو کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کے سی وینو گوپال کی طرف سے دئے جاتے ہیں۔

Weather

ریاست میں آج اور کل ہلکی تا اوسط بارش کے امکانات ہیں۔ عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، ورنگل، کھمم، میدک، کاماریڈی اور کئی دیگر اضلاع میں بارش متوقع ہے۔

Mann Ki Baat Reaction

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات کے دوران آپریشن پولو میں حصہ لینے والے بہادر فوجیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

☆☆